پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کینیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ
بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
جلد نمبر ۱۵ ۔ شمارہ نمبر ۱۵

امریکہ پاکستان کو اواکس طیارے فراہم کریگا ۔ وائن برگر

افغانستان کی جانب سے مسلسل فضائی خلاف ورزیوں کا مقابلہ کرنے کی خاطر پاکستان کے لئے ان طیاروں کی فراہمی بیحد ضروری ہے

ہم امریکی اسٹنگر میزائل سے افغانستان کا ایک طیارہ بھی نہیں گرا سکے ۔ جونیجو

سندھ میں مشین گنوں سے لیس ۱ ہزار جوانوں نے جنگلوں میں کیمپ قائم کر لئے

گلو سیال میں فورسز داخل ہو گئیں پہلی کا پٹر کے ساتھ ایک طیارہ بھی مہم میں شامل ہو گیا

گستاخیٔ رسول پر سزائے موت دینے کے لئے سینیٹ نے بل اتفاق رائے سے منظور کر لیا

وفاقی کابینہ میں تبدیلیاں صدر ضیاء الحق نے تینوں وزراء سے حلف لیا

وسیم سجاد نے عدل و پارلیمانی امور کی وزارت سنبھال لی

اقبال احمد خان کو مذہبی و اقلیتی امور اور میر حاجی ... کو سائنس و ٹیکنالوجی کا وزیر مقرر کر دیا گیا

شریعت بل محض ڈھونگ ہے مقصد بعض افراد کی حکمرانی قائم کرنا ہے ۔ مولانا نورانی

۷۳ء کے آئین میں اسلامی نظام کے نفاذ کی گنجائش موجود ہے

ہاکی ٹیم ایم آر ڈی بن گئی تھی ۔ بیجر بیگ

ہر ایم آر ڈی کا مقصد تلاش بی رہتا ہے

بلوچستان ... حفاظتی انتظامات کے سلسلے میں اہم اجلاس

بھارتی فوج نے ایک پاکستانی ہلاک کر دیا

افغانستان نے اس سال پاکستان کی فضائی حدود کی ۵۰۰ مرتبہ خلاف ورزیاں کیں

بھارت اکتوبر میں پاکستان پر حملہ کرنے والا تھا۔ یعقوب خان

(اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔) [illegible]

صدر ضیاء کو امریکی پائلٹوں کے ساتھ اواکس طیارے منظور نہیں

اسلام آباد میں فوجی امداد کے پروگرام پر پاکستانی رہنماؤں سے وائن برگر کے مذاکرات

اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔ امریکی وزیر دفاع کیسپر وائن برگر [illegible]



بھارت سے بھائی بھی تو سب بھائی بھائی ہیں

بھارت افغانستان سے معاہدہ بحال ہو گیا ہے

بیرن حسین نگار

اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔ [illegible]

پاکستان میں امریکہ کے نئے سفیر کا تقرر

واشنگٹن ۔۔۔۔۔۔ امریکہ کے صدر ریگن نے [illegible]

اسلام قبول کرنے کی خبر شائع ہونے پر افسوس ہوا

لاہور ۔۔۔۔۔۔ [illegible]

نشے کی دوا سے اموات میں اضافہ

کراچی (۔۔۔۔۔۔) [illegible]

پان امریکن کے ہائی جیکروں کا ایک مشتبہ ساتھی گرفتار

کراچی (۔۔۔۔۔۔) [illegible]

۱۵ پاکستانیوں کو سعودی عرب میں سزا

ریاض (۔۔۔۔۔۔) سعودی عرب کی مختلف عدالتوں [illegible]

امریکہ کی برأت کا اعلان

[illegible]

انداز بیاں اور

ابو مظفر

[illegible]

ISLAMIC BOOKS FOR CHILDREN

TITLE (all in Colour Illustrations)	PRICE IN US Dollars
The Whale of Jonah	3.50
The Elephant of Abraha	3.50
The Hoopoe of King Solomon	3.50
Islamic Quiz Book #1	3.50
Islamic Quiz Book #2	3.50
The Three holy places of Islam	1.00
Abu Bakr: The First Caliph	3.50
The Kingdom of Justice: Stories from life of Umar	3.50
The Longing Heart: Story of Abu Dhar	3.50
The Long Search: Story of Salman, the Persian	3.50
The Children's Book of Islam: Part 1	3.50
Muslim Nursery Rhymes	3.50
Asselamu Alaikum	3.50
A Great Friend of Children: Stories from Prophet's Life	3.50
Love all Creatures	3.50
The Brave Boy: Stories from the Life of Ali	3.50
Stories of the Caliphs	3.50
Marvellous Stories from the life of Muhammad (120 p)	6.00

(POSTAGE: 20 percent additional)
ORDER FROM:
The Open Press (Holdings)
300 Steelcase Rd West
Unit 8, Markham,
Ont. L3R 2W2

قابل اعتماد
ادارہ
سستے ترین ٹکٹ
ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت
دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔
پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ
Cumberland Travels Ltd
50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

NORTHTOWN
GOES ONE BETTER
BRAND NEW 1986 ESCORT
• 2 Dr. • 4 Cylinder • 4 Speed • Radio • Defroster
Buy from $6999.00* or lease 169.00**
CALL NOW,
221-9381
ASK FOR

RAZA Q. SYED
SALES & LEASING REPRESENTATIVE
NORTHTOWN FORD SALES
A DIVISION OF HOJ INDUSTRIES LTD.
7120 Yonge Street, P.O. Box 990,
Thornhill, Ont. L3T 4A5
*Plus Tax Lic. & Frieght.
**Based on 48 mth Lease with 1st & Sec. Down & Lic.

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں
تازہ سبزیاں ۔ دالیں
Madina HALAL meat and Grocery
East-West, Middle East Grocery and Spices
1063 DANFORTH AVE.
(BESIDE MADINA MOSQUE)
TORONTO, ONT. PH: 461-0404



فرمانِ رسولؐ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "جو شخص اپنی جگہ سے (کسی ضرورت سے) اٹھا اور پھر واپس آ گیا تو اس جگہ کا وہی شخص زیادہ حقدار ہے۔" (صحیح مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے ساتھ مسجد میں تشریف رکھتے تھے اور ہم سے باتیں فرماتے تھے۔ پھر جب آپؐ اٹھتے تو ہم سب لوگ بھی کھڑے ہو جاتے اور اس وقت تک کھڑے رہتے جب تک یہ نہ دیکھ لیتے کہ آپؐ ازواج مطہرات کے گھروں میں سے کسی گھر میں داخل ہو گئے۔ (بیہقی)

جفا اور وفا کے معرکے

ابو ظفر زین

خلافت بنو امیہ کے زمانے میں خالد بن صفوان مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ بادشاہوں کی طبیعت دیکھ کر وہ بادشاہوں کے پاس نہیں جاتے تھے۔ [illegible]

[illegible]

فاسق کی تعریف

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ غصہ ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے عرش ہلنے لگتا ہے۔ (مشکوٰۃ)

وہ جو کچھ چاہتا ہے

اللہ ہی تو ہے جس نے ضعف کی حالت سے تمہاری پیدائش کی ابتدا کی، پھر اس ضعف کے بعد تمہیں قوت بخشی، پھر اس قوت کے بعد تمہیں ضعیف اور بوڑھا کر دیا۔ وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا، ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ (الروم: ۵۴)

جب مسلمان گول میز کانفرنسوں کی سنگین دیواروں سے سر پھوڑ رہے تھے

انقلابِ ایران اور علامہ اقبال

تحریر: سید انوار احمد بگرامی

[illegible]

اپنی فطرت کے مطابق یہ مچھلیاں جب واپس دریائے فریزر کے دہانے پر پہنچتی ہیں تو کھانا پینا یکدم ترک کر دیتی ہیں۔ دریا کی مخالف سمت میں سینکڑوں میل کا کٹھن سفر شروع ہوتا ہے۔ راستے کی کوئی دشواری ان کو روک نہیں سکتی۔ [illegible] کشش و عجیب اپنے سفر پر منزل کے ساتھ رواں دواں رکھتی ہے۔ راستے میں ان کا شکار بھی ہوتا ہے۔ آبشاروں اور دوسری رکاوٹوں کو الٹی سمت میں عبور بھی کرنا پڑتا ہے۔ مگر وہ اپنی منزل مقصود تک پہنچ ہی جاتی ہیں۔ وہاں گھر بنتا ہے، زندگی کا نیا آغاز ہوتا ہے، انڈے دے دیئے جاتے ہیں اور سفر تمام ہوتا ہے۔ پت جھڑ کے رنگین پتوں کے ساتھ ان کے لاشے پڑے ہوتے جھیلوں سے دریا بھر جاتا ہے ــــ اور یہ سلسلہ صدیوں سے اسی انداز میں جاری ہے ـــ!

ارشد امیر

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا (القرآن)

الہلال — پندرہ روزہ — ٹورانٹو

سُرخ دریا

اکتوبر کے وسط میں کینیڈا کے صوبہ برٹش کولمبیا کا فریزر (FRASER) دریا اپنے منبع کے قریب معجزاتی طور پر لال رنگ کا نظر آتا ہے۔ اس کے صاف ستھرے پانی میں بلکے لال رنگ کی ساک آئی سالمن (SOCKEYE SALMON) مچھلیاں ہزاروں کی تعداد میں اکٹھی ہو کر ایک ایسا عجیب نظارہ پیش کرتی ہیں کہ دریا کا پانی سُرخ لگنے لگتا ہے۔

راکی پہاڑوں کے سلسلے پر جمی ہوئی برف کے پگھلتے ہوئے پانی اور ٹھنڈے چشموں والے عظیم دریائے فریزر کا بہاؤ شمال سے جنوب کی طرف ہے۔ مگر ان مخروطی دُموں میں بہ لال جسم اور سبز سروں والی مچھلیاں لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں جنوب سے شمال کی طرف یعنی دریا کی مخالف سمت میں تیر رہی ہوتی ہیں۔ تاکہ دریا کے ان وسیع جھیلوں میں واپس پہنچ جائیں جہاں تین سال پہلے ان کی پیدائش ہوئی تھی۔

قدرت کے اس دلفریب اور عجیب العقول نظارے سے لطف اندوز ہونے کے لیے کئی شوقین لوگ دریائے فریزر کے ان شمالی ساحلوں تک جا پہنچتے ہیں اور جب ان کی پہلی نگاہ اس نظارے پر پڑتی ہے تو اکثر حیرت کے مارے گُنگ ہو جاتے ہیں۔ اور کئی آنکھیں اس کرشمے کو دیکھ کر اشک آلود ہو جاتی ہیں۔

دریائے فریزر کے ان وسیع پتھریلی زمین والے پانیوں میں پہنچ کر ساحل مچھلیاں نر اور مادہ جوڑوں میں بٹ جاتی ہیں۔ ایک جگہ کا انتخاب کر کے مادہ مچھلی پتھریلی زمین کو اپنے منہ اور دُم سے کھودتی ہے۔ نر اس جگہ کی رکھوالی کرتا ہے اور اس کے ارد گرد اس انداز میں تیرتا ہے جیسے ناچ رہا ہو۔ اچھے کھودے ہوئے گڑھے میں مادہ انڈے دیتی ہے اور نر کے منی ناقح میں شریک ہو جاتی ہے۔ ان کا اختلاط ہوتا ہے۔ پھر انڈوں کو ڈھانپ دیا جاتا ہے۔ ایک دو روز میں یہ جوڑا سینکڑوں انڈوں والے دو یا تین اور گھونسلے بناتا ہے۔ اور پھر ان کا کام تمام ہو جاتا ہے۔ پیچھے لمبے سفر سے چور چور یہ مچھلیاں پانی میں شپ شپ مر جاتی ہیں۔ وہی دریا جہاں چند روز پیشتر لال چمکتے جسم زندگی کی جد و جہد کا عظیم منظر پیش کرتے تھے، اب مُردہ مچھلیوں سے اٹا ہوا ہوتا ہے۔

پھر نومبر آتا ہے، ٹھنڈ بڑھ جاتی ہے، برف باری شروع ہوتی ہے جس سے دریا کا پانی جم جاتا ہے۔ آپ کو اس وقت یہ معلوم ہو رہا ہوگا کہ دریا جم چکا ہوگا جس میں مُردہ مچھلیاں ایسے دفن ہو چکی ہوں گی جیسے ڈیپ فریزر (DEEP FREEZER) میں محفوظ کر دی گئی ہوں۔ پھر بہار کی آمد پر جب پانی پگھلتا ہے تو بہی مُردہ جسم مچھلیوں کے ان بچوں کی خوراک بنتے ہیں جو انڈوں سے نکل کر پانی میں تیرتے ہوتے ہیں۔ چند مہینوں میں یہ بچے اس قابل ہو جاتے ہیں کہ تیرتے ہوئے دریائے فریزر کے دہانے پہنچ جائیں۔ جہاں وینکوور کے مقام پر دریائے فریزر، بحر الکاہل میں جا ملتا ہے۔

یہاں سے ان مچھلیوں کے تین سالہ سمندری سفر کا آغاز ہوتا ہے۔ ان تین سالوں میں یہ سالمن مچھلیاں وینکوور سے ہزاروں میل دور ایک عظیم سفر پر رواں دواں رہتی ہیں۔ جاپان و روس کے ساحلوں اور جنوبی امریکہ تک جا پہنچتی ہیں۔ سمندر میں اپنی خوراک کی تلاش میں سینکڑوں دوسری قسم کی مچھلیوں کے ساتھ تیرتی رہتی ہیں۔ یہاں ان کا بھی طرح سے شکار ہوتا ہے۔ بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو کھا جاتی ہیں۔ پھر ہمارے دسترخوان کے لیے سالمن مچھلیوں کا شکار بھی ہم کرتے ہیں۔ اپنے شباب پر پہنچنے تک وہ ہزاروں میل کا کٹھن سفر اور تین سال کا عرصہ بحرِ الکاہل کے سمندر میں گزار چکی ہوتی ہیں۔ مگر اب انہیں واپس لوٹنا ہوتا ہے۔ چنانچہ ستمبر کے آخری دنوں میں وہ بہر صورت فریزر دریا کے دہانے تک آن پہنچتی ہیں۔

آخر ان مچھلیوں کا راہنما کون ہے جو انہیں اس لمبے سفر میں طرح طرح کی دشواریوں، طوفانوں، شکاری انسانوں اور بڑی مچھلیوں سے بچاتا ہوگا؟ اگر اسی سفر پر کسی سمندری جہاز یا آبدوز کشتی کو بھیجا جائے تو اس کی حفاظت اور رہنمائی کے لیے بے شمار جغرافیائی معلومات، اعداد و شمار اور موسمی رپورٹوں کو اکٹھا کر کے راہداری کا ایک محفوظ پلان بنانا ہوگا۔ مگر اس دو چار انچ لمبی اور چھ آٹھ پونڈ وزنی اول مچھلی میں اتنی معلومات کہاں سے آئیں؟

جدید سائنس کے مطابق ہر جاندار شے کو نہایت ہی چھوٹے (MICROSCOPIC) سسٹم کا مجموعہ ہوتی ہے جن کی بار بار تکرار زندہ جرثوموں (CELLS) میں ہوتی ہے۔ اور یہ اپنے نسب کے مطابق اکٹھے ہوتے ہیں۔ جنہیں سائنسی اصطلاح میں DNA TAPES کہتے ہیں۔ ان لال گلابی مچھلیوں کے DNA میں ایک ایسا پروگرام ترتیب دیا گیا ہوگا جو انہیں ہزاروں میل کے تین سالہ سمندری سفر میں ناموافق حالات سے بچنے کے طریقے بتاتا ہوگا۔ اور یہ پروگرام یقیناً حادثاتی یا بتدریج رونما ہونے والے عوامل سے حل کر نہیں بنا ہوگا۔ کیونکہ آج کا ایک عام کمپیوٹر پروگرامر بھی اس بات کی گواہی دے گا کہ معمولی سے معمولی پروگرام بھی ایک خاص ترتیب کے ساتھ ہوتا ہے اور محض حادثاتی نہیں ہوتا۔ تمام جہانوں کے بنانے والے نے جب ان مچھلیوں کا پہلا جوڑا بنایا ہوگا تو ان کے DNA میں یہ پروگرام ڈال دیا ہوگا جو بعد میں ان کی فطرت یا جبلت کہلایا۔

ISLAM
BOOK
CHILD
TITLE
(all in Colour Ill
The Whale of
The Elephant
The Hoopoe
Islamic Quiz
Islamic Quiz
The Three ho
of Islam
Abu Bakr: Th
The Kingdom
Stories from
The Longing
Abu Dhar
The Long Sea
Salman, the P
The Children's
Islam: Part 1
Muslim Nurse
Assalamu Ala
A Great Friend
from Prophet
Love all Creat
The Brave Bo
the Life of Ali
Stories of the
Marvellous St
life of Muham
(POSTAGE: 20 p
ORDER FROM:
The Open
300 Steelca
Unit 8, Mar
Ont. L3R 2
GO
BRA
• 2 Dr.
Buy from
CALL N
221-9
ASK FO
RAZA Q. S
SALES & LEASING

خواتین کا صفحہ

بچوں کی چھٹیاں

ایک مسئلہ

"امی کیرم کھیلیں!" ...
"نہیں امی، آج تو لوڈو چلے گی!"
"امی ہم تو سکریبل کھیلیں گے!"
زہرہ کے دیکھتے دیکھتے کمرے میں تینوں بچوں نے اپنے اپنے پسندیدہ کھیلوں کی تیاری شروع کر دی۔ زہرہ جھلا اٹھی۔ ہر وقت کھیل! ... کھیل ... کھیل ... چھٹیاں شروع ہوتی نہیں کہ سر درد شروع ہو گیا۔ کیرم ہو گا کہ بیچ میں ہی الٹ پلٹ جائے گا۔ کھیل کی جگہ لڑائیاں ہونے لگیں گی۔ جو کھیل شروع ہوتا ہے ادھورا ہی لڑائی جھگڑے پر ختم ہو جاتا ہے۔

اور اس لڑائی جھگڑے کا فیصلہ کرنا پڑتا ہے ماں کو۔ دوپہر کا وقت، آپ چاہتی ہیں کہ کچھ دیر آنکھ لگ جائے لیکن بچوں کے ہنگامے آپ کو سونے نہیں دیتے۔

آپ تنگ آ کر سوچتی ہیں بچوں کی چھٹیاں کیا ہوتی ہیں، ایک مصیبت گلے پڑ جاتی ہے۔ دل چاہتا ہے کہ کہیں بھاگ جائیں۔ لیکن اگر آپ تھوڑی سی سمجھداری اور سوجھ بوجھ سے کام لیں تو بچوں کی یہ چھٹیاں بڑے مزے سے گزر سکتی ہیں اور آپ بھی ان چھٹیوں سے بور نہیں ہوں گی۔ پورے سال تو آپ کو اپنے بچوں کے ساتھ بھرپور قربت نہیں ملتی۔ بچے اسکول اور پڑھائی میں مصروف اور آپ گھر کے کام کاج میں۔ لیکن یہ سنہرا موقع ہے بچوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہتر اور گہرا بنانے کا۔

اگر آپ کی لڑکیاں ہیں تو ان کو گھریلو کام کاج میں ہاتھ بٹانے کی ترغیب دیں، لڑکوں سے بھی آپ چھوٹے موٹے کام لے سکتی ہیں۔ ان سے کہیں کہ گھر کا کام ہو جانے کے بعد پھر کھیلیں۔ بچے اس طرح شوق سے کام کریں گے چھٹیوں میں ... بچوں پر پڑھائی وغیرہ کا بوجھ نہ ڈالیں۔ کیونکہ بچے امتحان کے بعد ان چھٹیوں کا بے چینی سے انتظار کرتے ہیں۔ وہ خود کو ان دنوں ہلکا پھلکا محسوس کرتے ہیں۔ جہاں تک ہو سکے بچوں کو مختلف دلچسپ مشاغل میں مصروف رکھنے کی کوشش کریں اور کوشش کیجیے کہ ان مشاغل میں آپ خود بھی بچوں کا زیادہ سے زیادہ ساتھ دے سکیں۔

اگر آپ کے حالات اجازت دیں تو سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ ان دنوں کہیں باہر جانے کا پروگرام بنایئے کسی عزیز رشتہ دار یا سہیلی کے پاس ہی، بچے باہر جانے کے نام سے خوش ہو جائیں گے۔ اس طرح بچے ایک خوشگوار تبدیلی محسوس کریں گے اور اپنے آپ کو تازہ دم بھی!

اگر آپ کسی وجہ سے باہر نہیں جا سکتیں تو خوشگوار ماحول گھر پر ہی بنا سکتی ہیں۔ بچوں کو اس طرح مصروف رکھیں کہ وہ بوریت یا تھکن محسوس نہ کریں، اور وقت آسانی سے کٹ جائے۔

بچے اگر بڑے ہیں تو ان کے لیے سب سے بہتر ہو گا کہ آپ ان دنوں انھیں سبق آموز معیاری اور اچھی کتابیں اور رسائل پڑھنے کی طرف مائل کریں۔ مطالعہ کا یہ شوق انھیں آئندہ بھی فائدہ دے گا۔ چھوٹے بچوں کو اس طرح کے کھلونے وغیرہ لا کر دیں جن سے دو دماغی نشو و نما کر سکیں اور کھیل میں کچھ سیکھ سکیں۔ سال بھر کے فضول کاغذ نکالیے اور بچوں سے کہیے کہ وہ ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا البم تیار کریں۔ کھیل کھیل میں مٹی، کاغذ اور گتے کی بہت سی چیزیں بنوا کر انھیں رنگنے کو کہیے۔ بچے اس طرح آپ کو پریشان بھی نہیں کریں گے اور کچھ سیکھ بھی لیں گے۔

جہاں تک ہو سکے بچوں کو ہی سارے کام کرنے دیں۔ آپ صرف اُن کے کام کی دیکھ بھال کریں یا اُن کو اگر وہ کچھ پوچھیں تو بتا دیں۔

لڑکیوں کو سلائی کڑھائی اور دوسرے اسی طرح کے کام سکھائے جا سکتے ہیں، گھر سجانے کا آرٹ، گھریلو چیزوں کو اچھے ڈھنگ سے رکھنے کا طریقہ، وغیرہ وغیرہ۔

بچوں کو شاپنگ کے وقت اپنے ساتھ لے جانا نہ بھولیں۔ دکاندار کو اُن کے ہاتھ سے پیسے گنوا کر دلوایئے۔ روزانہ شام کے وقت بچوں کو قریبی پارک وغیرہ گھمانے ضرور لے جائیں۔ انھیں وہاں مختلف پھولوں، پودوں وغیرہ کے بارے میں بتایئے تاکہ اُن کی معلومات میں اضافہ ہو۔

اس طرح آپ کی کوشش سے بچوں کی یہ لمبی چھٹیاں بہت آرام سے گزر جائیں گی اور آپ کے لیے بھی سر درد نہیں بنیں گی، اور آپ بچوں کی ذہنی نشو و نما میں بھی مددگار ہوں گی۔

یاد رکھیے! بچوں کی یہ چھٹیاں کار آمد اور خوشگوار ڈھنگ سے گزارنے کا طریقہ آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ (عشرت)

عورت ایک نعمت ہے

جاہلیت کے سوسائٹی میں عورت بدبختی کی جڑ سمجھی جاتی تھی پیدا ہوتے ہی سارے گھر میں رنج و ملال کا سماں بندھ جاتا تھا اس کا وجود قابل فراموش سب قسمت چیز تھی جس کا ذکر زبان پر لانا بھی مناسب نہ سمجھا جاتا تھا۔ اسلام نے اسے نعمت و رحمت کا درجہ دے کر مرد کے لئے سکینت کا سامان بنا دیا فرمایا ان کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہاری ذات سے تمہارے لیے بیویاں پیدا کیں تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو اس ذریعہ سے تمہارے درمیان محبت اور رحمت کا رشتہ قائم کر دیا ان باتوں میں جو لوگ سوچ بچار سے کام لیتے ہیں اہم نشانیاں ہیں (سورۃ روم ۲۱)

چٹاپٹی

قیمہ اور لوبیا

قیمہ	آدھا سیر	لہسن	
لوبیا (سبز پھلیاں)	آدھا سیر	ٹماٹر	آدھا پاؤ
گھی	[illegible]	ثابت مرچ	حسب ذائقہ
پیاز	[illegible]	سبز دھنیا اور سبز مرچ حسب پسند	

ترکیب:- لوبیا کی پھلیاں اگر باریک ہوں تو کتر لیں، ... نکال لیں۔ گھی میں پیاز، لہسن، ٹماٹر وغیرہ ڈال کر مسالہ تیار کریں ... قیمہ ڈال کر پکائیں۔ جب سرخ ہو جائے تو بھون لیں۔

بھن جانے پر لوبیا ڈال دیں۔ اور تھوڑا پانی ڈال لیں کہ لوبیا گل جائے۔ جب پانی خشک ہو جائے تو بھون لیں اور سبز مرچ اور دھنیا وغیرہ چھڑک کر اتار لیں۔

تازہ بہ تازہ

نقوش کا آخری شمارہ

اردو کے ممتاز ادبی رسالہ نقوش کا ... شمارہ شائع ہو گیا ہے ... محمد طفیل مرحوم ... یہ شمارہ ... مضامین، افسانے، انشائیے، غزلیں اور ایک گوشہ قتیل شفائی بھی شامل ہے۔

ماڈرن اردو پوئٹری

لندن۔ دہلی نیوز ایجنسی ... "ماڈرن اردو پوئٹری (جدید اردو شاعری)" کے نام سے کتاب شائع کی ہے، جس میں موجودہ دور کے جدید شعرا کے منتخب کلام کا انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا ہے ۱۹۵ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں ستره شاعروں کے کلام شامل ہیں جن میں فیض احمد فیض، احمد ندیم قاسمی، ن م راشد، اختر الایمان، ساحر لدھیانوی، شکیب جلالی، منیر نیازی، مجید امجد، میراجی، اختر الایمان، علی سردار جعفری، کیفی اعظمی، ساقی فاروقی، مصطفیٰ زیدی، عمیق حنفی، وحید اختر ... شامل ہیں۔ ... ان شعرا کے کلام کو انتہائی خوبصورت انداز میں اردو سے انگریزی کے قالب میں ڈھالا ہے ... جدید اردو شاعری کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

MALVERN
PRINTING PRESS
(416) 291-1137
• BOOKS
• FLYERS
• CALENDARS
• BUSINESS CARDS
• BROCHURES
• INVOICES
• LETTERHEADS
FREE ESTIMATES
FAST SERVICE
311 Burrows Hall Blvd.
Scarborough, Ont. M1B 1H9
ہر قسم کی عمدہ پرنٹنگ کے لئے
مالورن پرنٹنگ پریس کینیڈا

خون بہتا دیکھ کر تسکین ہوتی ہے

ف، مراد۔

باجی میرا مسئلہ کچھ عجیب ہے مجھے اکثر محسوس ہوتا ہے کہ میں انسان نہیں ہوں۔ کبھی تو میرا دل کچا گوشت کھانے کو چاہتا ہے اور کبھی خون پینے کو۔ کبھی کبھار میرا لوگوں کو مارنے کو دل چاہتا ہے۔ اگر خون بہتا ہوا دیکھوں تو اس قدر خوشی ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے مجھے بہت ڈر لگتا ہے کہ کہیں میں کسی کو مار ڈالوں یا قتل نہ کر دوں۔ پلیز مجھے اس سے نجات کے لئے کوئی حل بتلایئے۔

ج: آپ فوراً اپنا چیک اپ کروایئے آپ کی یہ علامات شدید اور خوفناک ذہنی مرض کی علامات ہیں اور جس طرح کا شعور آگے چل کر خود اپنے لئے اور دوسروں کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے آپ کسی ماہر امراض سے مشورہ کریں۔

ہیں عجیب مسئلے سے دوچار ہوں

باجی! میں ایک پیچیدہ نفسیاتی مسئلہ کا شکار ہوں۔ ہر وقت میرے دماغ میں جنسی سوچ سوار رہتا ہے۔ اس سے میری پڑھائی متاثر ہوتی ہے۔ میں کسی ایشیائی لڑکی سے دوستی چاہتا ہوں تاکہ مجھے حقیقی پیار مل سکے۔

ذوالفقار علی۔

ج: کم عمر لڑکے لڑکیاں بہت جذباتی ہوتے ہیں۔ دوستی جلد محبت کا رنگ اختیار کر لیتی ہے۔ اور کبھی کبھار جذبات میں غلطی ہو جاتی ہے ہمارے معاشرے میں لڑکے کا تو زیادہ نقصان نہیں ہوتا لیکن لڑکی کی ساری زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔ اور اس کا انجام خراب ہوتا ہے۔ آپ کو صرف تعلیم پر توجہ دینی چاہیئے۔

آپ کے مسائل

شوہر اور والدہ دونوں ایک دوسرے کو اچھا نہیں سمجھتے

س: خالہ فرحانہ جی میرا مسئلہ میرا شوہر اور والدہ کا ہے دراصل میری والدہ میرے ہمراہ رہتی ہیں دنیا میں ان کا میرے سوا کوئی نہیں ہے والدہ کو اپنے ہمراہ رکھنے سے میرے بہت سے مسائل حل ہو گئے ہیں لیکن اسی طرح مسائل پیدا بھی ہو گئے ہیں میرے شوہر اور میری والدہ کے درمیان تعلقات ٹھیک نہیں وہ میری والدہ سے ناراض رہتے ہیں اور والدہ شوہر کو برا بھلا کہتی ہیں کہ کیا جیسے دونوں دشمن ہوں اور میں ان کے بیچ پھنسی ہوں شوہر اپنا غصہ مجھ پر اتارتے ہیں والدہ اپنا غصہ مجھ پر اتارتی ہیں میں ملازمت کرتی ہوں میری تین بیٹیاں ہیں اور ایک بیٹا۔ اگر میں والدہ کو کسی اور کے سپرد کر دوں تب بھی میرا مسئلہ ہو گا کہ بچیاں کس کی نگرانی میں چھوڑوں میں تو والدہ کے وجود کو ایک نعمت سمجھتی ہوں لیکن میرے شوہر ان سے شدید نفرت کرتے ہیں انہیں برا بھلا کہتے ہیں اور ان کے مسائل کے بارے میں بالکل بھی ہمدردی سے غور نہیں کرتے وہ بالکل تنہا ہیں میرے شوہر کہتے ہیں یہ ہمارے ہر بات میں دخل دیتی ہیں ہر بات میں ٹوکتی ہیں ہر وقت تنقید کرتی رہتی ہیں انہیں کوئی برداشت نہیں کر سکتا۔

نفیسہ

ج: بی بی آپ کا مسئلہ واقعی حقیقی نوعیت کا ہے اور خاصا سنجیدہ ہے دراصل آپ کے شوہر کی والدہ والد نہیں ہیں اس لئے انہیں اندازہ نہیں ہے کہ بوڑھے لوگ کس طرح سے مسئلے بنتے ہیں اور بوڑھے لوگ کس طرح سے اپنی اہمیت ثابت کرتے ہیں لیکن انسانی نقطہ نظر سے دیکھئے تو یہی بوڑھے لوگ ہیں جن کی برکت محبت کر کے آپ لوگوں کو پروان چڑھا کر اس قابل بنایا پھر پڑھایا لکھایا ان کی خدمت کس طرح بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی ہمارے معاشرے کا یہی تو امتیاز ہے کہ ہم اپنے بزرگوں کو سر اور آنکھوں پر رکھتے ہیں وہ ہمارا فرض ہے ان کو سکون چین اور آرام سے ... آپ ... پیار سے والدہ کو سمجھایئے کہ وہ آپ کے شوہر سے یا کسی بھی معاملے میں دخل نہ دیا کریں انہیں بتایئے کہ وہ آپ کے شوہر سے الگ ہو کر رہ سکتی ہیں نہ والدہ سے اس لئے دونوں کے سکون کا سبب یہ ہو سکتا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے مل کر رہیں اب آپ کو اس مسئلے کے حل کے لئے بے حد سنجیدہ ہونا پڑے گا اور سنجیدگی سے سوچنا ہو گا کہ آپ کس طرح ان دونوں میں دوستی یا تعاون پیدا کر سکتی ہیں اس کے لئے ایک چھوٹی سی ترکیب کر لیجئے کوئی تحفہ اپنے شوہر کی جانب سے والدہ کو دے دیجئے اور کہیئے ان کی جانب سے ہے آپ کے شوہر کہتے ہیں کہ مجھے امی جان سے بڑی محبت ہے بس غصہ آ جاتا ہے وغیرہ وغیرہ اس جانب سے ایسا ہی کیجئے اپنے شوہر کی سالگرہ پر یا پھر ویسے ہی کوئی تحفہ کوئی ان کی پسندیدہ چیز لا دیجئے اور خود کہیئے کہ امی جان پسند ہی ہیں کہ مجھے خواہ مخواہ بولنے کی عادت ہے مگر بیٹا میری بات کا برا نہ مانا کرو اس طرح ان دونوں کے درمیان جو شادی کا اور خود بخود ہی ایک دوسرے کے لئے محبت کے جذبات پیدا کریں اور والدہ کو بھی سمجھاتی رہیں کہ وہ کم بولیں اور شوہر سے بھی اگر کبھی رہیں کہ امی ان کی طرف سے فکر مند رہتی ہیں وہ آپ سے بھی زیادہ محبت کرتی ہیں اور آپ خود ان کو زیادہ اچھا نہ کہیں کوشش کریں کہ آپ کے شوہر ان کی تعریف کریں کچھ عرصے کی محنت سے اور یہ صورت حال بالکل تبدیل ہو جائے گی اور آپ کا گھر جنت بن جائے گا بس خلوص اور عقلمندی کی ضرورت ہے یہ آزمائیے خود آپ کی والدہ آپ کے شکر گزار ہوں گے۔

ادب و ثقافت

ان کے لیے شعر کہنا گٹھلیوں کے دام کھرے کرنے کے مترادف ہے

ہم کیا، اچھے اچھے مانتے ہیں کہ افواج پاکستان نے پاکستان کو دو چیزیں بڑی تاریخی اہمیت کی دی ہیں۔ ایک تو مارشل لا اور دوسرے طنز و مزاح۔ مارشل لا تو خیر مستقل چیز نہیں ہے کہ ہر آٹھ دس برس کے بعد کچھ عرصہ کے لیے سلطانیٔ جمہور کا دور بھی آجاتا ہے لیکن طنز و مزاح کا معاملہ سدا بہار ہے۔ ذرا اندازہ کیجیے کہ جب فوج نے میجر جنرل شفیق الرحمان، کرنل محمد خان اور میجر ضمیر جعفری جیسے بلند مرتبہ طنز و مزاح نگار پیدا کیے ہوں، اسے مارشل لا لگانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ یہ تینوں فوجی اہل قلم اتنے مقبول ہیں کہ ان کے وسیلے پاکستانی قوم ہی کو کیا، ایک عالم کو مسخر کیا جاسکتا ہے۔ اس کا اندازہ ہمیں پچھلے دنوں ہندوستان میں ہوا جہاں ہم اپنے اعزاز میں اور اپنے ہی خرچ پر تقریبیں منعقد کرانے کے لیے نہیں اسیر بنانے کے لیے گئے تھے۔ ہم جس شہر میں بھی گئے ہم سے اس قسم کے سوال کیے گئے، کرنل شفیق الرحمان آجکل کیا لکھ رہے ہیں (یار دل والوں کو میجر جنرل صاحب کی ترقی کا علم نہیں ہے وہ انھیں ابھی تک کرنل ہی سمجھتے ہیں) ضمیر جعفری کا کیا حال ہے ان کا کوئی نیا مجموعہ شائع ہوا ہے؟ کرنل محمد خان کی چوتھی کتاب چھپ گئی ہے یا نہیں؟

آخری سوال ہم سے اتنی مرتبہ پوچھا گیا کہ ہم پریشان ہوگئے اور اسی پریشانی کے عالم میں ہم نے یہ کہہ دیا کہ "کرنل صاحب اپنی پہلی ہی کتابوں کی اشاعت پر بے حد نادم ہیں، چوتھی کتاب وہ کیا چھپوائیں گے؟"

ایک محفل میں ہمیں مشہور ہندوستانی مزاح نگار مجتبیٰ حسین نے یہ کہا کہ پاکستان میں بہترین مزاح فوجی اہل قلم لکھ رہے ہیں۔ اس پر ہم نے عرض کیا "مشتاق احمد یوسفی کے بارے میں کیا خیال ہے؟" کہنے لگے "ہم ان سے لندن میں ملے تھے مزاج کے اعتبار سے وہ بھی فوجی معلوم ہوتے ہیں۔" ہم نے اس کا سبب پوچھا تو فرمایا "ان کی گفتگو میں تکلف اور رکھ رکھاؤ کا یہ عالم ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ اہل محفل سے بات چیت نہیں کر رہے بلکہ میدان میں سلامی لے رہے ہیں۔"

ہمارے فوجی حضرات ریٹائر ہونے کے بعد بالعموم یا تو خود مختار یا نیم خود مختار اداروں یا پھر کسی اور کمپنی کے گھڑ دوڑ میں نظر آتے ہیں۔ لیکن کرنل محمد خان اور ضمیر جعفری نے دوسری مرتبہ ریٹائر ہونے کا خطرہ مول نہیں لیا اور "اردو پنچ" کے نام سے ایک رسالہ جاری کردیا جو بقول مدیران گرامی "فکاہی ادب کا مخزن" ہے۔ یہاں بھی انہوں نے اپنی عسکری روایت کو برقرار رکھا ہے کہ مخزن "دراصل میگزین" اسلحہ خانے یا بارود خانے کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ "اردو پنچ" کا ہر شمارہ فکاہیہ ادب کا بارود خانہ ہوتا ہے۔

"اردو پنچ" کا دوسرا شمارہ حال ہی میں شائع ہوا ہے اور یہی اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ فاضل مدیروں نے اس میں بہت سی دلچسپ تحریریں جمع کردی ہیں جو مشہور غیر مشہور پیشہ ور اور شوقیہ ہر طرح کے اہل قلم نے لکھی ہیں۔ موضوعات کے اعتبار سے بھی ان تحریروں میں بڑا تنوع پایا جاتا ہے۔ احمد جمال پاشا کا ایک مزید اچھے ہیں ترجمے شائع کیے گئے ہیں جو امریکی، روسی اور انگلش مزاح کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ ترجمے اتنے عمدہ اور رواں دواں ہیں کہ جی چاہتا ہے احمد جمال پاشا اپنے مجھے ہی کیا کریں۔ اس کا مطلب خدانخواستہ یہ نہیں کہ طبع زاد مضامین لکھنا چھوڑ دیں۔ ضرور لکھیں لیکن آنکھیں کہ طبع زاد مضامین کے ساتھ بھی روسی، عربی یا انگریزی سے ترجمہ لکھ دیا کریں تاکہ اسی بہانے ان مضامین کو بھی دلچسپی سے پڑھا جاسکے۔ یہ بات ہم نے اس لیے لکھی ہے کہ جس طرح ولایتی کپڑے پر ملکی لیبل لگ جانے سے اس کی قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے اسی طرح بعض طبع زاد مضامین کو ترجمہ ظاہر کرکے ان کی قدر و قیمت

بڑھائی جاسکتی ہے۔

ڈاکٹر انور سدید نے "گٹھلیوں کے دام" کے عنوان سے جو مضمون لکھا ہے اس میں ان کی تنقیدی تحریروں جیسی شگفتہ سنجیدگی پائی جاتی ہے۔ اس لیے ہمیں امید ہے کہ منظر علی خان منظر اپنے اگلے مجموعۂ کلام میں اس مضمون کو بطور دیباچہ ضرور شامل کرلیں گے کیونکہ ان کے لیے شعر کہنا بھی گٹھلیوں کے دام کھرے کرنے کے مترادف ہے۔ ڈاکٹر انور سدید دیباچہ لکھنے کے معاملے میں اور منظر علی خان منظور دیباچہ لکھوانے کے سلسلے میں خاصے فراخدل ہیں۔ دونوں کی فراخدلی کا کوئی تو مثبت نتیجہ نکلنا چاہیے۔

لیفٹیننٹ کرنل عبدالکریم اولی نے ۱۹۶۵ء کی جنگ کی یادوں کو نہایت خوبصورت انداز میں قلمبند کیا ہے۔

سخن در سخن

خامہ بگوش کے قلم سے

حیرت ہوتی ہے کہ میدان جنگ میں بھی کرنل صاحب کی حس مزاح کتنی تیز تھی۔ دشمن کے ہوائی جہاز سر پر ہوں تو مزاح اور مذاق کی طرف دھیان نہیں جاتا، لیکن کرنل صاحب کا دھیان اسی طرف رہتا تھا جیسے وہ محاذ جنگ پر نہ ہوں، "اردو پنچ" کے دفتر میں بیٹھے ہوں۔ کیا ہی اچھا ہو اگر موصوف اپنی پوری زندگی کے واقعات اسی انداز میں کتابی صورت میں لکھ ڈالیں۔ ان کی کتاب مزاحیہ ادب میں اور وہ خود مزاح نگاروں میں بلند مقام پائیں گے۔

ڈاکٹر ایم ایم حسن نے "ایک اخلاقی سفرنامہ" لکھا ہے۔ ان ڈاکٹر صاحب کا نام ہم نے پہلی بار سنا ہے اس لیے ہمیں یقین ہے کہ یہ پیشہ ور سفرنامہ نگار نہیں ہیں۔ ان کے ہاں پیشہ ور سفرنامہ نگاروں کے مقابلے میں زیادہ READABILITY پائی جاتی ہے۔ بعض جملے تو انہوں نے بڑے معنی خیز لکھے ہیں مثلاً:

○ شہر جہلم کے در و دیوار جسمانی اور روحانی صلاحیت کے ماہرین کے اشتہاروں سے پڑ نظر آئے۔ شاید اسی غرض سے سکندر اعظم نے اس شہر کا رخ کیا تھا کہ اس کے علاوہ مرض جوع الارض کا یہاں کوئی مداوا ہو۔

○ کھاریاں کے قریب آکر انکشاف ہوا کہ اس علاقے میں حکومت نے سڑک کو محکمۂ آثار قدیمہ کی تحویل میں دے دیا ہے جو شیر شاہ کے وقت کی اس قدیم شاہراہ کی اصلی حالت برقرار رکھنے میں کامیاب جدوجہد کر رہا ہے۔

"اردو پنچ" میں اور بھی بہت سی تحریریں ایسی ہیں جن سے اس رسالے کے اعلیٰ معیار کا اندازہ ہوتا ہے۔ مثلاً ایک گوشہ اے ڈی اظہر کے لیے وقف کیا گیا ہے جو صاحب علم و نظر طنز و مزاح نگار تھے۔ اس میں ان کے کلام کا انتخاب اور بعض دیگر تحریریں شامل کی گئی ہیں۔ ضمیر جعفری نے خواتین کی پسندیدہ مصنفہ بشریٰ رحمن کے بارے میں ایک مضمون لکھا ہے جس کا عنوان ہے "اردو ادب کی چاند بی بی"۔ یہ مضمون بشریٰ رحمن کے اعزاز میں منعقدہ ایک تقریب میں پڑھا گیا تھا۔ یہ ایک فرمائشی مضمون ہے، اور موضوع بھی ادبی اعتبار سے خاصا ثقیل ہے اس لیے جعفری صاحب نے لکھنے سے زیادہ نہ لکھنے کا حق ادا کیا ہے۔ یعنی جہاں جہاں وہ اپنے موضوع سے ہٹے ہیں، مضمون خاصا جاندار نظر آتا ہے۔

اتنی بہت سی خوبیوں کے ساتھ اگر رسالے کی بعض دیگر خصوصیات پر بھی نظر ڈالی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ صرف تعریف سے ہمارے پڑھنے والوں کا بھلا نہیں ہوسکتا۔ اس رسالے کا پہلا مضمون "اہل زبان" طنز و مزاح سے زیادہ بدمذاقی کا نمونہ نظر آتا ہے۔ یہ مضمون ہم سے ۵۰ سال پہلے چھپتا تو کوئی بات بھی تھی کہ اس وقت اہل زبان اور غیر اہل زبان کا مسئلہ زندہ تھا۔ موجودہ دور میں اس موضوع پر کچھ لکھنا اس بات کا ثبوت ہے کہ لکھنے والے کو یہ معلوم نہیں کہ زمانہ کتنا آگے جاچکا ہے۔ اس قسم کے مکالمے مضمون میں جابجا ملتے ہیں "اردو زبان تو دراصل ہمارے گھر کی لونڈی کہلانی چاہیے، یہ تم لکھنؤ، میرٹھ اور دہلی کے ہندستوں سے اس کی وراثت کہاں سے لے گئے؟" معلوم ہوتا ہے کہ "اردو پنچ" کے مدیران گرامی نے پڑھے بغیر یہ مضمون شائع کردیا ہے۔ اگر یہ درست ہے تو پھر ان مدیران گرامی کو حضرت صہبا لکھنوی کا مقلد سمجھنا چاہیے۔ رہے صہبا لکھنوی جو "افکار" کے ایڈیٹر ہیں ان سے کسی نے ایک مرتبہ پوچھا تھا "آپ اپنے رسالے میں جو مضامین چھاپتے ہیں، کیا انھیں پڑھتے بھی ہیں؟" صہبا صاحب نے اس کے جواب میں فرمایا "خدانخواستہ میں رسالے کا ایڈیٹر ہوں، سالانہ خریدار نہیں۔"

"اردو پنچ" میں شاعری کا حصہ بہت کمزور ہے۔ شان الحق حقی اور ضمیر جعفری کے کلام کے سوا کوئی ڈھنگ کی چیز نظر نہیں آتی۔ راغب مراد آبادی اور سلطان رشک کا مزاحیہ کلام چھاپنے کی بجائے ان کا سنجیدہ کلام چھاپ دیا جاتا تو بہتر تھا۔ ان جیسے شاعروں کا سنجیدہ کلام پڑھ کر کم از کم ہنسی تو آتی ہے۔ ■■

انڈر شیکر

ایک شخص کو کالے شکل والی جب اس نے اٹھا کر دیکھا تو پیچھے کچھ ہوتی علمی عبارت دیکھ کر بولا کچھ دن بعد تمہیں دیکھ لوں گا انڈر شیکر ۔۔۔ اگر تم انڈر شیکر ہو تو میں بھی انڈر شیکر ہوں ۔۔۔

غزل

شاہین

دل سے پھر چھیڑ نہ کر درد کے انداز نہ دے
آخر جب ٹوٹ گئی دور سے آواز نہ دے

کانپتے ہونٹ نہیں میرے سوالوں کے جواب
ذہن آشفتہ کو الجھے ہوئے یہ راز نہ دے

چونک اٹھا ہوں تری آواز سے لیکن ہمدم
گم نہ ہو جاؤں پھر آواز میں، آواز نہ دے

روح جلتی ہو تو آواز سے آنچ آتی ہے
کیف و نغمہ کے طلب گار مجھے ساز نہ دے

لے اٹھالیتے ہیں ہم رخت تمنا اپنا
اب فریب اور نگاہِ غلط انداز نہ دے

جو جس اعزاز سے شاہین فقط جی کا زیاں
اس سے محروم ہی رکھ مجھ کو وہ اعزاز نہ دے

شہریار

*

نظمیں

۱

تم کہ پلکوں میں مرا
جانتے ہو مجھے
میری سب خواہشوں اور تمناؤں کو
بے نیازی میں تم طاق کیوں ہو گئے
میری راتوں کو ملکارے کیوں نہیں
ڈک بکل چناروں تلک لے چلو
جسم کو میرے تازہ خراشیں ملیں
بے شکن بستروں کی کہانی سنوں
میں دکھ پایا جس کو کبھی وہ کہوں

۲

کبھی تو یوں ہو
مرے بدن کی کمان سے نکلے
وہ تیر جس کا شکار تو ہو
کبھی پہاڑوں کی چوٹیوں سے چھلانگیں ماروں
کبھی سمندر کی نچلی تہہ سے صدف نکالوں
بناؤں دیواریں اژدہوں کی
طویل سرگوشیوں کے بستر پہ رات کاٹوں
درخت گرتے ہوں جنگلوں میں
درندے آنکھوں کے روزنوں سے
ہمیں ہماری بدی کو شہ دیں
کہیں سے دوری کا ذرہ آئے
چراغوں میں شعلوں کا رقص دیکھیں
خدائے برتر کی بارگہ میں
ہم اپنی پیشانیاں جھکا دیں

غزلیں

۱

ماحول میرے شہر کا ہاں پر سکوں نہ تھا
لیکن بٹا ہوا یہ قبیلوں میں یوں نہ تھا
اب اہل درد تم نے سمجھنے میں دیر کی
کار حیات مانع کار جنوں نہ تھا
چاہا بہت کہ دشت کو گلزار کر سکوں
میرے بدن میں خون تو تھا اتنا خون نہ تھا
دنیا نے ہر محاذ پہ مجھ کو شکست دی
پیہم نہیں کہ خواب کا پرچم نگوں نہ تھا
وعدے پہ تیرے میں نے کبھی شک نہیں کیا
پھر تیرا انتظار مجھے رات کیوں نہ تھا

۲

میں زندہ ہوں اس کا مجھ کو یقیں آئے
یہ آباد مکان دل کوئی مکیں آئے
اب جو حال پہ مستقبل کا سایہ رہتا ہے
بچھڑے لوگوں کا احسان ہے یاد نہیں آئے
دھوپ بھری دوپہر سے رشتہ پھر سے قائم ہو
کوئی بستی کہ ختم نظر ہو اور نہیں آئے
یہ جو سفر کی سرشاری ہے کچھ دن اور رہے
آنا ہے جو موڑ سمجھ تو آگے کہیں آئے
اتنی بات تو آج بھی پکی ہے جو سانپ نہیں تھے
ان آنکھوں کے سامنے یوں تو کتنے حسیں آئے

۳

کاغذ کی اک ناؤ میں سب بیٹھے ہیں
خوش خوش اک سیلاب کو دیکھنے نکلے ہیں
ساحل ساحل سب جپ جپ کے دکھائیں ہیں
جیسے کو بد وحشت سے ہوکر گزرے ہیں
بستی والو وہ جو یار ہمارے تھے
ان کا کیا احوال ہے وہ کیسے ہیں
خبر راتوں میں خوابوں کی فصلوں کا
جو انجام ہوا تھا ہم کب بھولے ہیں
دشت جنوں سے ہم کو بلاوا آیا ہے
ابھی ابھی تو ایک سفر سے لوٹے ہیں

*

شہریار

PRINT
(416)
BOO
FLYE
CAL
BUSI
BRO
INVO
LETT
FREE
FAS

سلسلۂ ہدایت

سکاربرو کی آٹھ سالہ اقصاء کی دختر نصیر حسین نے کلام پاک کا پہلا دور اپنے گھر ستار حضرات قاضی اجمل خٹک کے زیر نگرانی ختم کر لیا ہے۔ اقصاء کے والدین کو ادارہ "الہلال" کی جانب سے مبارکباد!

پاکستان اپنا آخری میچ بھی ہار گیا

روس نے دو گول کیے، پاکستانی ٹیم کوئی گول نہ کر سکی
برطانیہ نے ہالینڈ کو ہرا دیا۔ نیوزی لینڈ اور ارجنٹائن کا مقابلہ برابر رہا

ہاکی فیڈریشن کے عہدیدار مستعفی ہو جائیں: سمیع اللہ

روس کے خلاف شکست توقعات کے مطابق ہے: منور الزماں

[illegible]

جنوبی کوریا نے پاکستان کو ایک گول سے ہرا کر ایشیائی چیمپئن شپ جیت لی

پاکستان کے خلاف میچ میں کوریائی کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، پاکستان دفاعی کھیل پر مجبور ہو گیا

بھارت نے ملائشیا کو تین گول سے ہرا کر تیسری پوزیشن حاصل کر لی

10th ASIAN GAMES SEOUL 1986

[illegible]

پاکستان کینیڈا سے بھی ہار گیا۔ آج گیارہویں اور بارہویں پوزیشن کیلئے بھارت سے مقابلہ ہوگا

کینیڈا نے پاکستان کو ایک کے مقابلہ میں دو گول سے ہرا کر اپنے پول کی پہلی کامیابی حاصل کی، پاکستانی ٹیم نے گول کرنے کے کئی سنہری مواقع کھو دیئے

نیوزی لینڈ نے بھارت کو ایک کے مقابلہ میں دو گول سے ہرا دیا

6TH WORLD HOCKEY CUP 1986 LONDON

ہاکی کپ بھارت اور نیوزی لینڈ کا مقابلہ کے دوران کھیلا گیا جسے نیوزی لینڈ کی ٹیم نے ایک کے مقابلہ میں دو گول سے جیت لیا

[illegible]

پاکستان نے دونوں میچوں میں ورلڈ الیون کو ہرا دیا

پہلے میچ میں ورلڈ الیون کو ۸ وکٹوں سے اور دوسرے میں ۳۱ رنز سے شکست

[illegible]

قول اور فعل

[illegible] انارکلی لاہور کے محمد تسلیم نے [illegible] پروگراموں میں لڑکوں اور لڑکیوں کی محبت اور چاہت کے مناظر کے خلاف احتجاج کا ایک خط لکھا ہے اور بتایا ہے کہ ایسے پروگراموں سے ہمارے بچوں کے اخلاق پر برا اثر ہو رہا ہے۔ [illegible]

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

مقامی خبریں



جلسۂ عید میلاد النبیؐ

کینیڈین سوسائٹی آف مسلمز کی جانب سے اتوار ۱۶ نومبر کو ۲ بجے دن جلسہ میلاد کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں پروفیسر قدیر بیگ اور پروفیسر خلیل ڈیوڈنی کی تقاریر ہوں گی۔ یہ جلسہ ۲۵۲ بلور اسٹریٹ ویسٹ کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:
279-6262/496-2214

Crescent International
FUND RAISING DINNER
Saturday November 8, 1986

Guest Speaker: Prof. Mahmoud Ayoub

Tickets: $20/person
International Students Centre
33 St. George Street, U of T
For information, phone:
474-9292 / 886-2634 / 881-1195

• As part of awareness week, Islamic Forum, the Muslim students body at the University of Toronto will insha'Allah organize a series of lectures and exhibitions. A summary of some of the programs is:

Monday, Nov. 3: Lecture: *Muslim women on rights of women in Islam.*
Tuesday, Nov. 4: Lecture: *Martyrdom.*
Wednesday, Nov. 5: Lecture: *Iraq*
Tues. — Thurs.: *Islamic Book Exhibition*
Friday, Nov. 7: Lecture: *Jihad in the Middle East*
Saturday, Nov. 8: *Fund Raising Dinner in conjunction with the Crescent International.*

For futher details, phone:
Br. Shaheen Azmi: 635-7771

Heritage Islam
MISSISSAUGA SCHOOL
Classes are now being held in
- Qur'anic Education with Qirrah
- Islamic Education Adults & Children
- Arabic & Urdu Languages
- Lectures & Seminars for youth
- Sports activities for entire family

For more information call:
GUL NAWAZ 624-2383
SHAUKAT CHOHAN 273-6396
School Hours:
10:15am - 1:30pm Every Sunday

ابھی کچھ اور کڑی دھوپ میں چلنا ہو گا
[illegible] دیوار کے ساتھ

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف دس ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے۔

Advertisement No......
C/O Al-Hilal
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
CANADA M2H 2P6

***

اشتہار نمبر (۳۲) سعودی عرب میں چار سال سے مقیم لاہور کے ۲۸ سالہ تعلیم یافتہ لڑکے کے لیے پاکستان سے تعلق رکھنے والی کینیڈین سٹیزن لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکے کی بہن ٹورانٹو میں رہائش پذیر ہے۔ اور والدہ بھی ان دنوں آئی ہوئی ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے سرپرست فوری طور پر اس اخبار کی معرفت رابطہ قائم کریں۔

*

اشتہار نمبر (۳۳): ہندوستان سے بی ٹیک کام کیے ہوئے ۲۶ سالہ جوان صالح کے لیے ٹورانٹو میں سکونت پذیر نیک سیرت لڑکی کا مناسب رشتہ درکار ہے۔

*

کینیڈین شہریت رکھنے والی مسلمان لڑکی کے لیے ایک ایسے تعلیم یافتہ اور مہذب لڑکے کا رشتہ درکار ہے جس کی عمر ۳۲ سے ۳۵ سال تک ہو۔ کوائف معہ تصویر کے پتہ ذیل پر بھیجیے:

MATRIMONIAL
C/o 1089 BLOOR ST. W.
TORONTO, ONT.
M6H 1M9

*

اپنی بہن کے ساتھ رہائش پذیر امریکن کینیڈین شہری ۲۸ سالہ پاکستانی خوبصورت و خوب سیرت، دراز قد، کنوارے، رنگ روشن، تعلیم یافتہ پروفیشنل برسر روزگار لڑکے کے لیے خوبصورت خوب سیرت، تعلیم یافتہ، ۵ فٹ ۵ انچ سے اونچا قد رکھنے والی، کنواری سنی لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے جلد کوائف اور ٹیلی فون نمبر کے ساتھ پتہ ذیل پر خط لکھیں:

SARAH
P.O. BOX 460278
GARLAND, TX. 75046
USA

یہ گالیاں کیوں؟

مستنصر حسین تارڑ

پچھلے دنوں اخباروں میں چھوٹی چھوٹی دو خبریں تھیں۔

ایک تو یہ تھی کہ کوئی شخص ایک طویل مدت کے بعد ممالک غیر سے واپس پاکستان گیا اور خاص طور پر حید منانے کے لئے گیا اور جونہی ائیرپورٹ پہ اترا اس کا ہارٹ فیل ہو گیا۔ ایک اور خبر تھی کہ کرکٹ میچ کے دوران انگلستان کی کاؤنٹی ورسسٹر کے تماشائیوں نے عمران خان اور پاکستانی نژاد برطانوی شہری ریحان علی خان پہ آوازے کسے اور ماں بہن کی گالیاں دیں۔ عمران خان نے ریحان علی خان کو گالیاں دینے کے واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سے زیادہ اس واقعہ کا دکھ ریحان علی خان کو ہوا ہوگا کیونکہ اس کے والدین تو پاکستان سے آئے تھے لیکن وہ خود انگلستان میں ہی پیدا ہوا تھا۔

شاید عمران خان یہ کہنا چاہتے تھے کہ بھائی ہم تو ہوئے ہی پاکستانی اور کالے (اگرچہ الگ بات ہے کہ عمران بیشتر گوروں سے زیادہ گورے ہیں) لیکن ریحان بیچارہ تو یہیں پیدا ہوا اس کے پاس برطانوی شہریت ہے وہ اپنے آپ کو برطانوی کہتا ہے...

[illegible]

مخدوم خلیق الزماں پیپلز پارٹی سندھ کی صدارت سے مستعفی ہو گئے

میں شریک چیئرمین کا شکر گزار ہوں، پارٹی کے مفاد میں استعفیٰ دیا ہے۔ مخدوم خلیق

پیر آف رانی پور کی علیحدگی سے پارٹی کو زبردست دھچکہ لگا ہے، بینظیر اپنے بیٹے کو صوبائی صدر بنانا چاہتی ہیں

کراچی (مرکز نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر مخدوم خلیق الزماں نے آج اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے مفادات کی خاطر وہ سندھ کی صدارت کے عہدے سے مستعفی ہو رہے ہیں...

[illegible]

کئی ممالک میں نئے سفیر مقرر کئے جانے کا امکان

تقرریوں کا اعلان وزیراعظم کی منظوری کے بعد ہوگا

اسلام آباد (...) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ عوامی جمہوریہ چین، اٹلی، سعودی عرب اور ہالینڈ میں پاکستان جلد ہی نئے سفیر بھیجے گا۔ علاوہ ازیں اقوام متحدہ میں بھی پاکستان کے نئے مندوب اعلیٰ کی تقرری کا امکان ہے...

[illegible]

"آپ کا طرہ کیسے کھڑا رہتا ہے؟"

مولانا عبدالستار نیازی کی پگڑی پیپلز پارٹی توجہ کا مرکز بنی رہی

لاہور (وقائع نگار خصوصی) مولانا عبدالستار خان نیازی نے یہاں پریس کانفرنس میں شرکت کی لیکن ان کی پگڑی کا طرہ سب کی توجہ کا مرکز بنا رہا...

گھر کو وطن واپسی کا مشورہ کسی

نادان دوست نے دیا ہوگا۔ چشتی

یہ شجاعت کا ثبوت ہے۔ رامے

کفر کو اب صدر ضیاء ہی معاف کر سکتے ہیں

انوار الحق

[illegible]

بجانہ کیلئے پابندی ختم کر دی گئی

راولپنڈی (...) فرانسیسی حکام نے شاہنواز بھٹو کی بیوہ ریحانہ بھٹو پر سے مقدمے کے فیصلے تک فرانس سے باہر جانے کی پابندی ختم کر دی ہے...

[illegible]

جس کا میاں لمبا اس کا بھی بڑا نام ہے

چھت پر رنگ کرنے، بلب اور ٹیوب تبدیل کرنے کے لیے سیڑھی کی ضرورت نہیں پڑتی

[illegible]

...مقابلہ ہوگا



Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

Complete Collision Service
- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.



CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)
M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

Fortnightly
al-hilal
50¢ Vol.15 No.15 October 25, 1986
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

تحریک استقلال ایم آر ڈی سے علیحدہ ہو گئی

بھٹو کا اثر ابھی موجود ہے' ہمارے خط کا جواب نہیں دیا گیا۔ اصغر خان

سوشل جمہوریت کے قیام اور حقیقی یک جہتی کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے

ایبٹ آباد میں ایم آر ڈی کے جلسے میں ہنگامہ۔ استقلال کا ایک منتظر کارکن ڈنڈا اٹھائے ہوئے ہے

جتوئی سمیت تمام ساتھیوں نے پاکستان پالیسی کی مخالفت کی تھی۔ مصطفیٰ کھر

میں نے جونیجو سے سمجھوتہ وغیرہ کر کے ملک نہیں چھوڑا ● بھٹو کی مرضی سے باہر گیا تھا

ہمسایہ ممالک سے پاکستان کے تعلقات خراب اور سرحدوں پر صورتحال نازک ہے۔ ولی خان

اصغر خان ۱۹۷۳ء کے آئین کی بحالی چاہتے ہیں مگر ۱۹۸۵ء کے آئین کو تسلیم کرتے ہیں

فاروق لغاری اور میں این پی پی میں شامل نہیں ہوئے۔ ٹکا خان

پیپلز پارٹی نہیں چھوڑوں گا۔ مخدوم خلیق الزماں کا اچانک مستعفی ہو جانا باعث حیرت ہے

دو قبائل کے تصادم میں ۱۷ افراد ہلاک و زخمی

راکٹ لانچروں اور مارٹر گنوں کا آزادانہ استعمال

ببرک کارمل کو گرفتار کر لیا گیا

مہاراشٹر میں مسلم کش فسادات

۲۰ افراد ہلاک۔ متعدد شدید زخمی

پی این اے کی تحریک بیلٹ کا تقدس قائم کرنے کیلئے تھی۔ نوابزادہ نصراللہ

میں اس تحریک کے بارے میں کلمۂ خیر ہی کہہ سکتا ہوں' بینظیر اسے سازش کہیں تو میں کیا کر سکتا ہوں

جلوسوں پر پابندی کا بیان غیر متوقع نہیں۔ مزاری

حکومت عوام سے خوفزدہ ہے۔ فوج کسی وقت بھی...

سندھ بلوچستان فرنٹ کے کنوینر ممتاز علی بھٹو نے کراچی میں حفیظ پیرزادہ کے اعزاز میں استقبالیہ دیا۔ اس موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو۔

الہلال باقاعدگی سے حاصل کرنے کیلئے

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کوپن پُر کر کے ہمیں روانہ کریں۔ آپ کے لئے "الہلال" جاری کر دیا جائے گا۔

پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال

سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۴۵ ڈالر

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجیے
338 Hollyberry Trail Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9293, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے →

MANAGING EDITOR: M. LATEEF OWAISI